- اسکول کا انتخاب

▪ اسکولوں کی خدمات کے تعین شدہ علاقہ جات

ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئرتمام سکولوں کو زونز (حلقہ جات) میں تقسیم کر رکھا ہے۔ تمام اسکول اپنے گردونواح کو ہی خدمات فراہم کرتے ہیں، جس کا تعین (Children & Young People's Services Committee) چلڈرن اینڈ ینگ پیپلز سروسز کمیٹی کرتی ہے۔ قانون کی زبان میں انہیں تعین شدہ علاقہ جات کہا جاتا ہے۔ اسکولوں کے لیے تعین شدہ علاقوں کے بارے میں معلومات ہر سکول یا ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ والدین کوحق ہے کہ وہ اپنے بچے کو اپنے من پسند سکول میں داخل کرانے کے لیے ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر میں درخواست دیں۔

مورے میں واقع تمام سکولوں سے رابطے کی تفصیلات اس کتابچے کے سیکشن 12 میں دی گئی ہیں۔ ہر سکول اپنا ایک رہنما کابچہ شائع کرتا ہے جس میں اس سکول کے بارے میں معلومات ہوتی ہیں اور اس کتابچے میں ہر سال تازہ ترین معلومات باقاعدگی سے شامل کی جاتی ہیں۔ یہ کتابچہ ہیڈ ٹیچر سے درخواست کرنے پر دستیاب ہے۔

▪ تعلیم کے لیے بچے کی رجسٹریشن

تمام بچوں کو مورے میں منتقل ہوتے ہی یا جب وہ پرائمری 1 شروع کرنے کی عمر کو پہنچ جائیں، مقامی تعین شدہ اسکول میں رجسٹر کروا دینا چاہیے۔ مورے میں واقع تمام اسکولوں سے رابطے کی تفصیلات اس کتابچے کے سیکشن 12 میں دی گئی ہیں۔

اگست 2015 میں پرائمری 1 کی تعلیم شروع کرنے کے لیے عمر سے اہل بچوں کی رجسٹریشن 12 جنوری 2015 سے شروع ہو گی۔ والدین کو اپنے مقامی تعین شدہ اسکول میں بچوں کو پرائمری 1 میں رجسٹر کروانے کی ترغیب و اطلاع دینے کے لیے مقامی اخبار میں اشتہار چھپایا جائے گا جبکہ علاقے کی مختلف جگھوں پر پوسٹر بھی آویزاں کیے جائیں گے۔ رجسٹریشن کے لیے آتے ہوئے والدین بچے کی پیدائش کا سرٹیفیکیٹ ہمراہ لائیں۔ رجسٹریشن کے وقت ہی والدین اپنے بچے کے لیے کسی دوسرے سکول میں جگہ حاصل کرنے کی درخواست دینے کا طریقہ کار بھی معلوم کر سکتے ہیں (دیکھیں صفحہ 4 ۔ "جائے تعلیم کی درخواست")۔

اگر کسی بچے کی پانچویں سالگرہ 1 مارچ 2015 سے 29 فروری 2016 کے درمیان ہے تو وہ حسب معمول 1 اگست 2015 سے پرائمری 1 شروع کرے گا/گی۔

اگر بچے کی پانچویں سالگرہ 19 اگست 2015 (تعلیمی سال شروع ہونے کے ایک روز بعد) اور 29 فروری 2016 کے درمیان ہو تو والدین پرائمری 1 کا آغاز اگلے برس اگست تک ملتوی کر سکتے ہیں؛ جب بچہ ساڑھے پانچ برس کا ہو جائے گا۔ اسے "ڈیفرنگ انٹری" ("deferring entry") کہا جاتا ہے۔ ڈیفرنگ انٹری کی درخواست دینے والے تمام والدین اس حوالے سے اپنے موجودہ قبل از سکول سنٹر اور ممکنہ پرائمری سکول سے بات کریں۔

اگر بچے کی عمر ساڑھے چار برس سے کم ہے تو والدین تعلیمی عمل میں اس کی "قبل از وقت داخلے" (early entry) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ارلی اینٹری ایسیسمینٹ ٹیم (Early Entry Assessment Team) اس کی ذہنی صلاحیت کا جائزہ لے گی اور تجویز کرے گی کہ آیا سکول کی تعلیم کے لیے وہ بچہ موزوں ہے یا نہیں۔ یہ درخواست مندرجہ ذیل پتہ پر خط بھیج کر کی جا سکتی ہے:-

ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر، مورے کونسل، کونسل آفسز، ہائی سٹریٹ، ایلگن IV30 1BX

ٹیلی فون: 01343 563374

ای میل: EducationandSocialCare@moray.gov.uk

Education & Social Care, The Moray Council, Council Offices, High Street, Elgin IV30 1BX
Telephone 01343 563374,

email EducationandSocialCare@moray.gov.uk

- **اسکول میں بچے کو درج کرنا**

اپنے مقامی تعین شدہ اسکول میں رجسٹریشن کرواتے وقت غالب امکان ہے کہ ہیڈ ٹیچر بچے کو سکول میں داخل کر لے گا/گی۔ تاہم، بعض اسکولوں میں مشکلات ہیں اور ان مشکلات کا حل جائے تعلیم کی درخواست دے کر کیا جا سکتا ہے۔

- داخلے کی درخواست

- **درخواست جمع کرانا**

والدین کوحق ہے، کہ بغیر کوئی وجہ بتائے، وہ اپنے بچے کو اپنے من پسند سکول میں داخل کرانے کے لیے ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر میں درخواست دیں۔ یہ حق وہ صرف سکول میں پہلے داخلے کے وقت ہی نہیں، کبھی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس حق کو "جائے تعلیم کی درخواست" (placing request) کہا جاتا ہے۔ رجسٹریشن کے وقت والدین PR 1 فارم بھر کر جائے تعلیم کی درخواست دے سکتے ہیں۔

اگست 2015 (پرائمری 1) میں پرائمری سکول میں پہلے داخلے میں جائے تعلیم کی درخواست کے فارم 15 مارچ 2015 تک جمع کروا دئیے جائیں۔ جائے تعلیم کی درخواست پر فیصلے 30 اپریل 2015 تک ہوں گے۔ اس کے علاوہ کسی دوسرے وقت پر جائے تعلیم کی درخواست پر فیصلہ کرنے کے لیے ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر کے پاس 2 ماہ کا وقت ہوتا ہے۔ 15 مارچ 2015 سے پہلے جمع کرائی جانے والی جائے تعلیم کی درخواستوں کا فیصلہ کرنے اور اس فیصلے سے متعلقہ والدین کو مطلع کرنے بعد ہی 16 مارچ 2015 کو یا اس کے بعد جمع کرائی جانے والی جائے تعلیم کی درخواستوں پر غور کیا جائے گا۔

ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر پر یہ قانونی پابندی عائد ہوتی ہے کہ وہ والدین کو جائے تعلیم کی درخواست پر اپنے فیصلے سے تحریری اطلاع دے۔ درخواست مسترد کیے جانے پر والدین کو اس فیصلے کی وجوہات اور اپیل کرنے کے طریقہ کار سے تحریری طور پر آگاہ کرنا ہو گا۔

- **اگر سکول میں مقررہ تعداد سے زائد بچے ہیں**

اگر کسی سکول میں گنجائش سے زیادہ درخواستیں آنے کا امکان ہو تو چلڈرن اینڈ ینگ پیپلز سروسز کمیٹی نے مندرجہ ذیل ترجیحات کی فہرست تیار کر رکھی ہے جو دستیاب نشستوں پر فیصلہ کرتے ہوئے مد نظر رکھی جائیں گی۔ ان درخواستوں کو ترجیح دی جائے گی:

(a) جو بچہ سکول کے مقامی تعینمتعین شدہ علاقے کا رہائشی ہے؛ (مقامی تعینمتعین شدہ علاقے کا رہائشی ہونے کا مطلب ہے کہ بچے کی رہائش گاہ کا پتہ مقامی تعینمتعین شدہ علاقے میں کسی رہائشی نوعیت کی جائیداد پر ہے، اور بچہ بذات خود وہاں رہتا ہے یا درخواست دئیے جانے کے 8 ہفتوں کے اندر اس نے وہاں منتقل ہونا ہو)؛

(b) اگر بچہ کسی ایسے گھر سے آتا ہو، جس گھر سے کوئی اور بچہ پہلے ہی سکول میں داخل ہے؛

(c) جہاں، سربراہ تکمیلی خدمات برائے اطفال کے خیال میں، مطلوبہ اسکول میں داخلہ کے لئے نفسیاتی یا طبی وجوہات پائی جاتی ہوں؛

(d) جس بچے کو مذکورہ سکول میں تعلیم دلوانے کی کوئی بھی اور وجہ ہو۔

- **انکار کے اسباب**

ترمیم شدہ ایجوکیشن (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 1980 کے مطابق ایجوکیشن اتھارٹی (تعلیمی کارفرما) مندرجہ ذیل بنیادوں پر کسی بھی درخواست کو مسترد کر سکتی ہے:

(a) اگر بچے کو سکول میں داخلہ دے کر:

i. انتظامیہ کو ایک اضافی معلم/معلمہ کو بھرتی کرنا پڑے؛

ii. اسکول میں جگہ یا دیگر سہولتوں میں اضافہ کرنے یا بدلنے پر خاطر خواہ خرچ اٹھے؛

iii. اگرچہ اوپر دئیے ہوئے دونوں نکات میں سے کوئی بھی پورا نہیں ہوتا ہے، مگر اس کے نتیجے میں سکول میں طلبا کی تعداد گنجائش سے زیادہ ہو جائے گی؛

iv. بچے کی تعلیم جاری رکھنے میں اس سے سنگین رکاوٹ آنے کا خدشہ ہو؛

v. اسکول میں نظم و ضبط کو اس سے سنگین خطرات لاحق ہونےکا خدشہ ہو؛

vi. اسکول میں تعلیم پا رہے بچوں کی بہبود کو اگر اس سے سنگین خطرات لاحق ہونےکا خدشہ ہو؛

vii. پرائمری سکول میں بچے کی تعلیم کے لیے مستقبل میں اضافی کلاس شروع یا اضافی معلم بھرتی کرنا پڑے؛

viii. تعلیمی سال کے دوران اسکول کے نواحی علاقے میں آنے والے بچوں کو سکول میں جگہ نہ ملنے کا خدشہ ہو ۔۔ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے انتظامیہ کو نشستوں کی معقول تعداد خالی رکھنےکا حق ہے؛

(b) اگر مذکورہ اسکول میں عام طور پر فراہم کی جانے والی تعلیم بچے کی عمر، اہلیت، ذہنی صلاحیت کے مطابق نہ ہو؛

(c) اگر تعلیمی انتظامیہ نے پہلے ہی بچے کو مذکورہ اسکول میں حاضر ہونے سے منع کر دیا ہو۔

- **داخلے کی درخواست کے متعلق اپیلیں**

والدین کو حق حاصل ہے کہ وہ جائے تعلیم کی درخواست پر کیے جانے والے فیصلے کے خلاف اپیل کر سکیں۔ والدین کو حسب ذیل کی باتیں ذہن میں رکھنی چاہیں:

- آپ نرسری سکول یا نرسری کلاس میں جگہ دینے کی درخواست مسترد کیے جانے کے فیصلے کے خلاف اپیل نہیں کر سکتے ہیں؛
- اپنے ہر بچے کے لیے آپ سال میں صرف ایک اپیل کر سکتے ہیں؛
- آپ کو ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر کی جانب سے مراسلہ ملنے کے 28 روز کے اندر اپیل کرنا ہو گی۔

اپیل میں بچے کا پورا نام، اس سکول کا نام جس میں آپ بچے کو داخل کرانا چاہتے ہیں، اور فیصلے کے خلاف اپیل کی وجہ بیان کرنا ہو گی۔ مراسلہ اس پتے پر بھیجا جائے:

کلرک ٹو دی سکول پلیسنگ اینڈ ایکسکلوژنز، اپیلز کمیٹی، ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر، مورے کونسل، کونسل آفسز، ہائی سٹریٹ، ایلگن 1BX IV30

Clerk to the School Placing & Exclusions Appeals Committee
Education & Social Care, The Moray Council, Council Offices, High Street, Elgin IV30 1BX

- **ٹرانسپورٹ میں جگہ کی درخواست**

اگر بچہ اپنے مقامی تعینمتعین شدہ علاقائی اسکول سے باہر کسی اسکول میں داخل ہے تو اسے سکول لانے، وہاں سے لے جانے اور اس سے متعلقہ تمام اخراجات و انتظامات کی ذمہ داری والدین پر عائد ہوتی ہے، ماسوائے مخصوص صورتحال کے، جس میں کارپوریٹ ڈائریکٹر (ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر) سفری اخراجات میں مالی معاونت کا حکم دے سکتا ہے۔ سفری اخراجات صرف اسی صورت جاری کیے جائیں گے جب کارپوریٹ ڈائریکٹر (ایجوکیشن اینڈ سوشل کیئر) تسلیم کرے کہ بچے کو تعلیمی یا طبی/نفسیاتی وجوہات یا اس کی سلامتی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مقامی تعینمتعین شدہ علاقائی اسکول میں داخل نہیں کرایا گیا۔ اس صورت میں مفت ٹرانسپورٹ صرف اسی وقت دی جائے گی جب موجودہ بندوبست میں ہی یہ سہولت فراہم کرنا ممکن ہو۔